اہل سنت کا نشان
ماہنامہ
بقیع
کراچی
APRIL 2008
مفت سلسلہ اشاعت نمبر 168
عصمتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
کا بیان
مصنّف
حافظ الحدیث امام محمد جلال الدین سیوطی شافعی علیہ الرحمہ
مترجم
محمد عارف محمود خان قادری رضوی
جمعیّت اِشاعتِ اہلِسنّت پاکستان
نور مسجد کاغذی بازار کراچی ۷۴۰۰۰
Ph : 021-2439799

عصمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

کا بیان

تالیف

حافظ الحدیث امام محمد جلال الدین سیوطی شافعی علیہ الرحمہ

المتوفی ۹۱۱ھ

ترجمہ

محمد عارف محمود خان قادری رضوی

ناشر

جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

نور مسجد، کاغذی بازار، میٹھادر، کراچی، فون: 2439799

نام کتاب : عصمت نبوی ﷺ کا بیان

تالیف : حافظ الحدیث امام محمد جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ

ترجمہ : محمد عارف محمود خان قادری رضوی

سن اشاعت : ربیع الاول ۱۴۲۹ھ۔ اپریل ۲۰۰۸ء

تعدادِ اشاعت : ۳۵۰۰

ناشر : جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

نور مسجد کاغذی بازار میٹھادر، کراچی، فون: 2439799

خوشخبری: یہ رسالہ website: www.ishaateislam.net

پر موجود ہے۔

پیشِ لفظ

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ صرف نامور مصنّف، بلند پایہ مفسّر، محدّث، فقیہ، ادیب، شاعر، مؤرّخ اور ماہر لغت ہی نہ تھے بلکہ اپنے زمانے کے مُجدِّد بھی تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا حافظہ نہایت قوی تھا، آٹھ برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کرلیا پھر دیگر علوم وفنون کے حصول میں مصروف ہوگئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو ۸۷۱ھ کے جامعہ شیخونیہ میں شیخ الحدیث کا منصب ملا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ تقویٰ وتزکیہ کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے، یادِ الٰہی عزوجل میں مستغرق رہتے۔ نمازِ تہجد باقاعدگی سے ادا فرمایا کرتے تھے، اگر کبھی رہ جاتی تو اتنے پریشان ہوتے کہ بیمار پڑ جاتے۔

علومِ حدیث میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ذات سے مسلمانانِ عالم نے بڑا فیض حاصل کیا، علمِ حدیث میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو بارگاہ رسالت ﷺ سے شیخ الحدیث کا لقب عطا ہوا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے عاشقِ رسول ﷺ تھے اور اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو 75 مرتبہ حالتِ بیداری میں حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی ذہانت کی بنا پر دو لاکھ احادیث یاد تھیں، علمِ حدیث میں دو سو زائد کتابیں تصنیف کیں، آپ تصنیف وتالیف کے میدان میں اپنی مثال آپ تھے، کثرتِ تالیفات میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کو نہایت بلند مقام حاصل ہے، آپ کی تصانیف و تالیف پانچ سو زائد ہیں، چند مشہور کتابوں کے نام یہ ہیں: الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، الاتقان فی علوم القرآن، جمع الجوامع، الجامع الصغیر، تدریب

الراوی فی تقریب النووی، تفسیر الجلالین، الحاوی للفتاویٰ وغیرہ۔

زیرِ نظر رسالہ بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ کا تالیف کردہ ہے، جس میں حضور ﷺ کی عصمت کو قرآن واحادیث سے ثابت کیا گیا ہے اور حضور ﷺ کی طرف ''ذنب'' کی نسبت کرنے کے بارے میں مختلف اقوال اور ان کے ردّ میں جوابات تحریر کیے گئے ہیں۔

مولانا محمد عارف محمود خان قادری رضوی نے اس کا سلیس انداز میں ترجمہ کر کے اس رسالے سے مستفید ہونے میں مدد فراہم کی ہے، اللہ تعالیٰ فاضل مترجم کی اس کاوش کو قبولیت کے مرتبے سے مشرف فرمائے۔

اس رسالے کو جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) اپنے سلسلۂ اشاعت کے 168 ویں نمبر پر شائع کر رہی ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مؤلف اور مترجم دونوں کی کاوش کو قبول فرمائے اور عوام وخواص کے نافع بنائے۔ آمین

سید محمد طاہر نعیمی

نَحْمَدُهُ وَنُصَلِّی عَلیٰ رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم

قوله تعالیٰ: ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ الآیة (۱)

هذه الآیة فیها أقوال للمفسرین بعضها مقبول و بعضها مردود، و بعضها ضعیف للدلیل القاطع علی عصة النبی ﷺ و سائر الأنبیاء من الذنوب قبل النبوة و بعدها

قال السبکی فی تفسیره: "للناس أقوال منها ما یجب تأویله، و منها ما یجب ردّه".

القول الأول: إن المرادْ ما کان فی الجاهلیة، (۲) قاله مقاتل (۳)

قال السبکی و هذا مردود، بأنّ النبیّ ﷺ لیست له جاهلیة.

القول الثانی: إن المراد ما کان قبل النبوة

قال السبکی: و هذا مردود أیضاًبأنه ﷺ معصوم قبل النبّوة و بعدها

القول الثالث: قول سفیان الثوری: "ما عملت فی الجاهلیت و مالم تعمل" (۴)

قال السبکی: و هو مردود بالذی قبله

القول الرابع: و یحکی عن مجاهد: "مَا تَقَدَّمَ من حدیث ماریة و مَا

۱۔ الفتح: ۲/۴۸

۲۔ أخرج ابن المنذر عن أبی عامر و أبی جعفر رضی الله عنه فی قوله: ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ﴾ قال: فی الجاهلیة ﴿وَ مَا تَأَخَّرَ﴾ قال: فی الإسلام (الدر المنثور: ۴۵۱/۷)

۳۔ و نقله الزمخشری فی تفسیره، المجلد (۴)، سورة الفتح، ص ۳۲۴۔۳۲۵، مطبوعة: دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الرابعة ۱۴۲۷ھ۔ ۲۰۰۶م

۴۔ و أخرج عبد بن حمید عن سفیان رضی الله عنه فی قول الله: ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ﴾ قال: ما تقدّم: ما کان فی الجاهلیة، ﴿و مَا تَأَخَّرَ﴾ ما کان فی الإسلام ما لم یفعله بعد (الدر المنثور: ۴۵۱/۷)

تَأَخَّرَ من إمرأة زيد"

قال السبكي: و هذا قول باطل، و لم يكن في قصة مارية و امرأة زيد ذنب أصلاً، و من اعتقد ذالک فقد أخطا التحقيق

القول الخامس: قول الزمخشري، جميع ما فرط منک (۵)

قال السبكي: و هذا مردود

أما أولاً. فالبيان عصمة الأنبياء عليهم السلام، فقد اجتمعت الأمة على عصمتهم في ما يقع بالتبليغ، و في غير ذالک من الكبائر و الصغائر الرذيلة التي تحط مرتبتهم، و من المداومة على الصغائر. هذه الأربعة مجمعة عليها، و اختلفوا في الصغائر التي لا تحط مر تبتهم. فذهبت المعتزلة و كثير من غيرهم إلى جوازها، و المختار المنع. لأنا مأمورون بالإقتداء بهم في كل ما يصدر عنهم من قول و فعل، فكيف يقع منهم ما لا ينبغي و نؤمر بالإقتداء فيه؟

و أما الحشوية، فنسب إليهم تجويزها عليهم مطلقاً فإن صحّ ذالک عنهم، فهم محجوبون بما ذكرناه من الإجماع.

و الذين جوّزوا الصغائر، لم يجوّزوها بنصّ و لا دليل، و إنما اخذوا ذالک من هذه الآية و أمثالها، و قد ظهر جوابها. و الذين جوّزوا الصغائر التي برذائل، قال ابن عطية: اختلفوا، هل وقع ذلک من نبينا ﷺ أو لم يقع؟

و قال السبكي: لم أشک و لم أرتاب أنه لم يقع، و كيف يتخيل خلاف ذالک؟

و أما الفعل: فإجماع الصحابة المعلوم منهم قطعاً على اتباعه و التأسى به في كل ما يفعله من قليل أو كثير، أو صغيرٍ أو كبيرٍ، لم يكن عندهم في

۵۔ تفسير الكشاف، المجلد (۴)، سورة الفتح، ص ۳۲۴، مطبوعة: دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الرابعة ۱۴۲۷ھ. ۲۰۰۶م

ذالک توقف و لا بحث، حتی أعماله ﷺ فی السرّ و الخلوة یحرصون علی العلم بها و علی اتباعها، علم بها أو لم یعلم. و من تأمل أحوال الصحابة مع النبی ﷺ و ما عرفوه و شاهدوه منه فی جمیع أحواله من أوله إلیٰ آخره، استحیی من الله أن یتکلم بهذا الکلام، أو یخطر بباله.

و لو لا أن هذا القول قد قیل، لما حکیناه، و نحن نبرأ إلی الله منه، و لو قال به من قال.

فهذا الکلام الأول علی الزمخشری فی تفسیره الآیة

و أما ثانیاً: فلأنه لو سلّم ذالک. حاشا لله فتلک بقول الخصم، شیئ أو أشیاء نادرة حقیرة، فلا تناسب ما الآیة مشیرة إلیه من التعظیم و الإمتنان، و جعله ذالک غایة الفتح المبین المقرون بالتعظیم، فحمله علی ذالک یخل بالبلاغة.

هذا کلام السبکی فی رد مقالة الزمخشری.

القول السادس: قیل المراد بذالک: ما کان یقع فی صغره ﷺ مع الغلمان بلعب، و ذلک لا یلیق بمقامه،

فإن حسنات الأبرار سیئات المقرّبین.

و لهذا قال یحییٰ بن زکریا علیه السلام و هو صغیر لما دعاه الصبیان للعبِ: ما لهذا خلقت.

و هذا القول مردود.

أما أولاً: فلأنه یشعر بتمییز السید یحییٰ علی نبینا ﷺ و لا یمتاز علیه، فکل خصیصة أوتیها نبی من الأنبیاء، أوتی نبینا ﷺ مثلها، أو اجلّ منها.

و قد روی أنه ﷺ کان یعدل وهو رضیع، فکانت مرضعة حلیمة تعطیه ثدیها فیشرب منه، فإذا أعطته الثدی الآخر امتنع منه، لعلمه ﷺ بأن له

شريكاً فى الرضاعة، فهذا أجل من ترك اللعب، وهو ﷺ فوق ذالك السن، و لم يثبت أن لعبه مع الغلمان لهو، بل هذه اللفظة إن ثبت فى حديث وجب تأويلها على ما يليق بها.

ثم ماذا يصنع قائل هذا القول أن حمل قوله: ﴿مَا تَقَدَّمَ﴾ على اللعب مع الغلمان وهو الصغير؟ فماذا يصح فى قوله: ﴿وَ مَا تَأَخَّرَ﴾

القول السابع: قول عطاء الخراسانى: ما تقدم من ذنب أبويك آدم و حواء، ما تأخّر من ذنوب أمتك.

و هذا ضعيف.

أما أولاً: فلأن آدم معصوم لا ينسب إليه ذنب، وهو تأويل يحتاج إلى تأويل.

و أما ثانياً: فلأن ذنب الغير، لا يضاف إلى غير من صدر منه بكاف الخطاب.

و أما ثالثاً: فلأن ذنوب الأمة كلها لا تغفر، بل من يغفرله، و منهم من لا يغفرله.

القول الثامن: قول ابن عباس رضى الله عنهما: مما يكون.

قال السبكى: و هذا مؤول، أى مما يكون لو كان.

و المعنى: إنك بحال لو كان ذلك ذنوب ماضية و مستقبلة لغفرنا لك جميعاً، لشرفك عندنا.

القول التاسع: قال فى الشفاء: قيل: ما وقع لك من ذنب، و ما لم يقع إعلم أنه مغفور لك.

القول العاشر: قال أيضا: قيل: المتقدم ما كان قبل النبوة، و المتأخر عصمتك بعدها، وحكاه أحمد بن نصر.

القول الحادى عشر: قيل: المراد ما كان من سهو و غفلة و تأويل، و حكاه الطبرى و اختاره القشيرى.

القول الثانی عشر: قال مکی: محاطبة النبی ﷺ ههنا مخاطبة لأمته.

فهذه اثنا عشر قولاً غیر مقبولة، ما بین مردو و ضعیف و مؤول.

أما الأقوال المقبولة

ففی الشفاء: أن النبیّ ﷺ لما أمر أن یقول ﴿وَ مَآ اَدرِیْ مَا یُفعَلُ بِیْ وَ لَا بِکُمْ﴾ الآیة (٦) سرّ بذالک الکفار، فأنزل الله ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَ مَا تَأَخَّرَ﴾ الآیة (٧)، و أخبر بحال المؤمنین فی الآیة الأخری بعدها.

فمقصد الآیة: إنک مغفور لک غیر مؤاخذ بذنب، أن لو کان.

قلت: هذا الأثر أخرجه ابن المنذر فی تفسیره، عن ابن عباس رضی الله عنهما. قال فی قوله ﷺ: "ما أدری ما یفعل بی و لا بکم" فأنزل الله بعد ذلک: ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ و مَا تَأَخَّرَ﴾ الآیة (٨)

و أخرج احمد (٩) و الترمذی (١٠) و الحاکم (١١) عن أنس رضی الله عنه قال: أُنْزِلَتْ عَلَی النَّبِیِّ ﷺ ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَ مَا

٦۔ الأحقاف: ٩/٤٦

٧۔ الفتح: ٢/٤٨

٨۔ الفتح: ٢/٤٨۔ و قال عطاء من ابن عباس: إن الیهود شتموا بالنبی ﷺ و المسلمین لما نزل قوله: ﴿وَ مَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَ لَا بِکُمْ﴾، و قالوا: کیف تتبع رجلاً لا یدری ما یفعل به، فاشتد علی ذلک علی النبی ﷺ، فأنزل الله تعالیٰ: ﴿اِنَّآ فَتَحْنَا .... وَ مَا تَأَخَّرَ﴾ (أسباب النزول للواحدی، سورة الفتح، ص ٢١٢، مطبوعة: دار الفکر، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠١م

٩۔ المسند للإمام أحمد، المجلد ٢٥٢/٣، برقم: ١٣٦٣٩

١٠۔ الجامع الصحیح و هو سنن الترمذی، المجلد (٤)، کتاب (٤٨) التفسیر، باب (٤٨) من سورة الفتح، ص ٢٢٩، الحدیث: ٣٢٦٣، مطبوعة: دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولی ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

١١۔ المستدرک للحاکم، المجلد (٢)، ص ٤٦٠، مطبوعة: دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٠٧ھ۔ ١٩٨٧م

تَأَخَّرَ﴾ الآية (١٢) مَرْجِعَهُ ﷺ مِن الحُدَيْبِيَةِ.

فَقَالُوا: هَنِيئاً لَكَ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ، لَقَدْ بَيَّنَ اللهُ مَاذا يُفْعَلُ بِكَ، فَمَاذا يُفْعَلُ بِنا؟ فَنَزَلَتْ ﴿لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ و الْمُؤْمِنتِ﴾ حتى بلغ ﴿فَوْزًا عَظِيمًا﴾ (١٣)

قال القاضی عیاض رحمه الله: قال بعضهم: المغفرة ههنا تبرئة من العيوب.

و قال الشيخ عز الدين عبدالسلام فی کتابه "نهاية السوال فيها سنخ من تفضيل الرسول ﷺ" فضل الله نبينا ﷺ على سائر الأنبياء بوجوه. إلى أن قال: و منها: أن الله تعالىٰ أخبره أنه غفرله ما تقدّم من ذنبه و ما تأخّر، و لم ينقل أنه تعالىٰ أخبر أحداً من الأنبياء بمثل ذلک. بل الظاهر أنه سبحانه و تعالىٰ لم يخبرهم، لأن كل واحد منهم إذا طلب من الشفاعة فی الموقف، ذكر خطيئة التی أصاب، و قال: نفسی نفسی.

و لو علم كل واحد منهم بغفران خطيئة، لم يوجل منها فی ذلک المقام، و إذا استشفعت الخلا ئق بالنبی ﷺ فی ذلک المقام قال: "أَنَا لَهَا".

قال السبکی فی تفسيره: قد تأملت هذا الکلام. يعنی قوله ﴿لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَ مَا تَأَخَّرَ﴾ الآية (١٤) بذهنی مع ما قبله فوجدته لا يحتمل إلا وجهاً واحداً، و هو تشريف النّبی ﷺ من غير أن يكون هناک ذنب، و لكنه أراد أن يستوعب فی الآية جميع النعم من الله على عباده الأخروية.

١٢۔ الفتح: ٤٨/٢

١٣۔ الفتح: ٤٨/٥۔تحفة الأشراف بمعرفة الأطراف، المجلد (١)، أنس بن مالک (٢٠) معمر بن لاشر عن قتاده عنه، ص٣٤٦، برقم: ١٣٤٢، مطبوعة: دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٠ھ۔ ١٩٩٩م

١٤۔ الفتح: ٤٨/٢

و جميع النعم الأخروية شيئان: سلبية: و هو غفران الذنوب، و ثبوتية: و هى لا تتناهى.

أشار إليها بقوله: ﴿و يُتِمّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ﴾ الآية (١٥)

و جميع النعم الدنوية شيئان: دينية، أشار إليها بقوله تعالىٰ: ﴿يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا﴾ (١٦)

و دنوية و إن كانت هنا المقصود بها الدين، و هى قوله تعالىٰ: ﴿وَ يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا﴾ (١٧)

و قد الأخروية على الدنوية، و قدم فى الدنوية الدينية على غيرها تقديماً للأهم فالأهم.

فانتظم بذلك قدر النّبى ﷺ بإتمام أنواع نعم الله عليه المفرقة فى غيره.

و لهذا جعل ذلك غاية الفتح المبين، الذى عظمه و فخمه بإسناده إليه بنون العظمة، و جعله خاصا بالنبى ﷺ بقوله تعالىٰ: ﴿لك﴾. قال: و بعد أن وقعت على هذا المعنى، و جدت ابن عطية قد وقع عليه.

فقال: ''و إنما المعنى التشريف بهذا الحكم، و لم تكن ذنوب البتة''. و قد وفق فيما قال، انتهى.

فقال بعض المحقّقين: المغفرة كناية عن العصمة، فمعنى ﴿لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَ مَا تَأَخَّرَ﴾ الآية (١٨) فيعمك فيما تقدّم من عمرك و فيما تأخّر منه.

و هذا القول فى غاية الحسن، و قد عدّ البلغاء من أساليب البلاغة فى

١٥۔ الفتح: ٢/٣٨

١٦۔ الفتح: ٢/٣٨

١٧۔ الفتح: ٢/٣٨

١٨۔ الفتح: ٢/٣٢٨

القرآن، أن یکنی عن الخفیفات بلفظ المغفرة و العفو و التوبة.

کقوله تعالیٰ عند نسخ قیام اللیل: ﴿عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْکُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ﴾ (۱۹)

و عند نسخ تقدیم الصدقة بین یدی النجوی: ﴿فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْکُمْ﴾ (۲۰)

و عند نسخ تحریم الجماع لیلة الصیام: ﴿فَتَابَ عَلَیْکُمْ وَ عَفَا عَنْکُمْ فَالْئٰنَ بٰشِرُوْهُنَّ﴾ الآیة (۲۱)

آخر التألیف إلی هنا و الحمد لله وحده. صلی الله علی سیدنا محمد و اٰله و صحبه و سلّم تسلیماً کثیراً.

انتهی ذلک و تمّ بحمد الله و عونه و حسن توفیقه.

ترجمہ

الحمد لله ذی المجد و الجلالة و العزه و الصلوٰة و السلام علی صاحب النبوة و الرسالة و العصمة.

أما بعد! فأعوذ بالله من الشیطن الرجیم، بسم الله الرحمن الرحیم

﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَ مَا تَأَخَّرَ﴾ (۲۲)

ترجمہ: تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلے اور پچھلوں کے۔ (کنز الایمان)

اس آیت طیبہ کی تفسیر میں مُفسّرین کے اقوال مختلف ہیں، جن میں سے بعض

۱۹۔ المزمل: ۲۰/۷۳

۲۰۔ المجادلة: ۱۳/۵۸

۲۱۔ البقرة: ۱۸۷/۲

۲۲۔ الفتح: ۲/۴۸

مقبول ہیں اور بعض مردود اور بعض اقوال سید الانبیاء اور دیگر انبیاء کی عصمت قبل از نبوت اور بعد از نبوت پر قطعی دلیل کے ثابت ہونے کی وجہ سے ضعیف ہیں۔

امام سبکی علیہ الرحمہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ ''علماء کے اس میں مختلف اقوال ہیں جن میں سے بعض کی تاویل اور بعض کی تردید واجب ہے''۔

پہلا قول: اس آیت کریمہ میں ''ذنب'' سے مراد وہ ہے جو دَورِ جاہلیت میں واقع ہوا، یہ مقاتل کا قول ہے۔

امام سبکی فرماتے ہیں کہ ''یہ قول مردود ہے کیونکہ نبی پاک ﷺ کے لئے جاہلیت نہیں ہے''۔

دوسرا قول: اس ''ذنب'' سے مراد وہ ہے جو (اعلانِ نبوت سے) پہلے ہوا۔

امام سبکی فرماتے ہیں یہ قول بھی مردود ہے کیونکہ آپ ﷺ (اعلانِ نبوت سے) پہلے بھی معصوم تھے اور بعد میں بھی معصوم رہے۔

تیسرا قول: سفیان ثوری نے کہا ''یعنی جو عمل آپ ﷺ نے زمانہ جاہلیت میں کیا اور وہ جو نہیں کیا''۔

امام سبکی فرماتے ہیں: ''یہ قول بھی بوجہ سابق قول کی طرح مردود ہے''۔ (۲۳)

چوتھا قول: امام مجاہد علیہ الرحمہ کے حوالے سے بیان کیا جاتا ہے ''یعنی وہ جو سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کی بات سے پیش آیا اور جو حضرت زید کی اہلیہ محترمہ (رضی اللہ عنہما) کے معاملہ میں پیش آیا۔ (۲۴)

امام سبکی فرماتے ہیں ''یہ قول بھی باطل ہے اس لئے کہ سیدہ ماریہ قبطیہ اور سیدہ

۲۳۔ درج بالا اقوال پر امام سبکی علیہ الرحمہ کی جرح سے ثابت ہوا کہ سرکار ﷺ کے لئے نہ جاہلیت ہے اور نہ ہی آپ ﷺ کی طرف گناہ کی نسبت کرنا درست ہے، بلکہ آپ ﷺ قبل از اعلانِ نبوت اور بعد از اعلانِ نبوت ہمیشہ کے لئے معصوم رہے۔ قادری غفرلہ

۲۴۔ علامہ آلوسی علیہ الرحمہ اس قول کو نقل کرنے کے بعد رقمطراز ہیں ''اس قول کی کوئی حیثیت نہیں ہے، اس لئے اس کا برعکس اولیٰ ہے یعنی حضرت زید کی اہلیہ کا معاملہ پہلے کا ہے''۔ (روح المعانی، ج ۱۴)۔ قادری غفرلہ

زینب رضی اللہ عنہما کے معاملے میں گناہ تو سرے سے تھا ہی نہیں اور جس شخص نے (اس معاملہ میں) گناہ کا عقیدہ رکھا اس نے سخت غلطی کی ہے۔

پانچواں قول: علامہ زمخشری کا ہے، وہ کہتے ہیں ''جو بھی کمی آپ ﷺ سے ہوئی''۔

امام سبکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں ''یہ قول بھی مردود ہے''۔

اول بات تو (یہ کہ یہ بیان) انبیاء کرام علیہم السلام کی عصمت کے بیان میں ہے، بلاشبہ اُمت مرحومہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ دعوت و تبلیغ اور دیگر اُمور میں انبیاء کرام تمام کبیرہ گناہوں، اپنے مرتبہ سے گرے ہوئے صغیرہ گناہوں سے اور صغیرہ پر ہمیشگی سے معصوم ہیں۔ یہ چاروں اُمور تو بالکل اتفاقی ہیں، البتہ ان صغائر میں اختلاف ہے جو انبیاء کرام کی شان کے خلاف نہ ہوں، پس معتزلہ اور ان کے علاوہ دیگر علماء کی خاص تعداد اس کے جائز ہونے کی طرف گئی ہے، جب کہ مختار قول میں اس کی بھی ممانعت ہے کیونکہ ہم انبیاء کرام علیہم السلام کے اقوال و افعال کی پیروی پر مأمور ہیں تو یہ کیسے ممکن ہے کہ ان سے کوئی ناپسندیدہ فعل واقع ہو جب کہ ہم اس فعل کی پیروی پر مأمور ہیں؟

البتہ فرقہ حشویہ کی طرف مطلق یہ نسبت کی گئی ہے کہ انبیائے کرام سے صغائر کا صدور جائز ہے، اگر یہ ان کے حوالے سے صحیح بات ہے تو وہ اس سے بے خبر ہوں گے جو ہم نے اجماع کا ذکر کیا ہے۔

وہ لوگ جو صغیرہ گناہوں کو انبیاء کرام کے لئے جائز کہتے ہیں، وہ کسی نص قطعی یا دلیل قطعی سے نہیں بلکہ اسی آیت کریمہ یا اس جیسی دوسری آیات مبارکہ سے استدلال کرتے ہیں جب کہ اس کا جواب تو واضح ہے اور وہ لوگ جو ایسے صغائر جو قبیح نہ ہوں ان کو جائز کہتے ہیں ان کے بارے میں ابن عطیہ کہتے ہیں ''اس میں اختلاف ہے کہ ہمارے آقا ﷺ سے ایسے افعال صادر ہوئے یا نہیں''۔

امام سبکی فرماتے ہیں ''مجھے اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ایسا صادر نہیں ہوا'' اور اس

کے برعکس کا گمان (آپ ﷺ کے لئے) کیسے کیا جا سکتا ہے؟(۲۵)

اور جہاں تک فعل کا معاملہ ہے تو صحابہ کرام علیہم الرضوان کے اجماع (یعنی اتفاق) سے یہ بات معلوم ہے کہ وہ کم، زیادہ اور چھوٹے بڑے تمام معاملات میں قطعی طور پر بارگاہِ رسالت ﷺ میں رجوع کرتے تھے اور حضور کی پیروی بجالاتے تھے اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے نزدیک اس معاملے میں کوئی اختلاف نہیں تھا حتی کہ وہ حضور جانِ عالم ﷺ کی تنہائی والے اعمال مبارکہ سے آگاہی اور ان پر عمل کرنے کے شدت سے شائق تھے خواہ انہیں ان اعمال مبارکہ سے واقفیت نہ بھی ہوئی اب جو شخص حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ معاملات اور سرکار کے اول وآخر جملہ احوال مبارکہ سے واقفیت اور صحابہ کرام کی حضوری پر غور وفکر کرنے والا ہے وہ تو ربّ کریم جلّ مجدہٗ سے حیاء کرے گا کہ وہ اس طرح کی (۲۶) بات کرے یا ایسا خیال تک لائے۔

اگر یہ قول (صغیرہ کی نسبت والا) ذکر نہ کیا گیا تو ہم اس کو کبھی بھی حکایت نہ کرتے اور کہنے والے نے جو کچھ بھی کہا ہے تو ہم بارگاہِ ربِّ العزّت جلّ مجدہٗ میں اس قول سے برأت کا اظہار کرتے ہیں۔

یہ مذکورہ بالا کلام (تبصرہ) زمخشری کی اس آیت ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ﴾ الآیۃ کے تحت بیان کردہ تفسیر کے بارے میں ہے دوسری بات یہ ہے کہ اگر (معاذ اللہ) یہ تسلیم بھی کر لیا جائے تو ایسا دشمنانہ قول اور حقیر چیزوں (صغائر وغیرہ) کا ذکر یہاں اچھا نہیں جب کہ یہ آیت کریمہ ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ﴾ الآیۃ تو سرور عالم ﷺ کی عظمت وشان کی طرف اشارہ کر رہی ہے اور اس معاملے کو فتحِ مبین سے ظاہر کر رہی ہے جو کہ تعظیم پر مشتمل ہے لہٰذا اس کا ''ذنب'' وغیرہ پر حمل کرنا بلاغت سے دُور ہے یہ سارا کلام امام

۲۵۔ کیونکہ ارشاد ربانی ہے: ﴿وَ مَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی O اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی O﴾ (النجم: ۵۳/ ۳، ۴) ترجمہ اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے۔ وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے۔

۲۶۔ یعنی صغیرہ کی نسبت بھی کرے۔

سبکی علیہ الرحمہ کا زمخشری کے رد میں ہے۔ (۲۷)

چھٹا قول: اس سے مراد وہ اعمال ہیں جو بچپن میں نبی پاک ﷺ سے لڑکوں کے ساتھ کھیل کود میں واقع ہوئے (یاد رہے) یہ بات آپ ﷺ کے شایانِ شان نہیں ہے بلا شبہ ابرار کی نیکیاں مقرب لوگوں کے گناہوں کی طرح نہیں، اس لئے حضرت یحیٰ بن زکریا علیہما السلام جب کم سن بچے تھے تو بچوں کے کھیل کی طرف دعوت دینے پر آپ نے فرمایا تھا ''ما لهذا خُلِقْتُ''، یعنی میں اس لئے نہیں پیدا کیا گیا لیکن یہ قول مردود ہے۔

پہلی وجہ تو یہ ہے کہ اس قول میں حضرت یحیٰ علیہ السلام کی ہمارے نبی کریم ﷺ پر خصوصیت ظاہر ہوتی ہے جب وہ قطعی طور پر آپ پر فضیلت نہیں رکھتے کیونکہ ہر وہ خصوصیت جو انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی نبی علیہ السلام کو عطا کی گئی اس جیسی یا اس سے بہتر خصوصیت ہمارے آقا و مولیٰ کو عطا فرمائی گئی، جیسا کہ مروی ہے کہ آپ ﷺ شیر خوارگی میں بھی انصاف کرتے تھے، آپ ﷺ کی رضاعی ماں سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کو اپنا پستان پیش کرتی تھیں تو آپ ﷺ اس سے دودھ نوش فرماتے تھے اور جب دوسرا پستان پیش فرماتیں تو آپ ﷺ منہ پھیر لیتے کیونکہ (بعطاء الٰہی) آپ ﷺ کو علم تھا کہ آپ ﷺ کا ایک دودھ شریک بھائی اور بھی ہے۔ (۲۸)

۲۷۔ ان پانچ اقوال اور ان کی تردید کی بحث سے یہ بات ہمارے سامنے واضح ہو چکی ہے کہ انبیاء کرام علی الخصوص سید الانبیاء ﷺ کی طرف ''ذنب'' کی نسبت بمعنی صغیرہ کی درست نہیں ہے بلکہ یہ آیت ﴿لیغفر لک اللہ﴾ الآیۃ تو محبوب دو جہاں ﷺ کی تعظیم و تکریم پر دلیل ہے اور اس میں ''ل'' سبب کا ہے ترجمہ وہی ہوگا'' جو شیخ الاسلام و المسلمین اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے ''کنز الایمان'' میں رقم فرمایا (تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلے اور پچھلوں کے) نیز اس مسئلہ میں امام اہلسنت غزالی زماں سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی علیہ الرحمہ نے بھی وہ خلاف اولیٰ مراد لے کر جو آپ ﷺ کے حق میں اسائت قرار پائیں، موقف اعلیٰ حضرت کو ترجیح دی ہے جب کہ بعض حضرات بھی اس مسئلہ میں لغزش کھا گئے۔ قادری

۲۸۔ قال سیدنا و امامنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بھائیوں کے لئے ترک پستان کریں

یہ بات کھیل کود کو چھوڑنے سے بلند تر ہے اور جب کہ آپ ﷺ شیر خوارگی کی عمر سے گزر چکے ہوں یہ بھی (قطعی) ثابت نہیں کہ آپ ﷺ لڑکوں کے ساتھ کھیل کود میں شریک ہوئے ہوں جبکہ اگر یہ الفاظ احادیث کریمہ سے ثابت بھی ہوں تو ان کی مناسب تاویل لازم ہے پھر یہ (صغیرہ کی نسبت کر دینے والا) جب اس کے قول کو ﴿مَا تَقَدَّمَ﴾ کو عالم بچپن میں کھیل کود پر محمول کیا جائے تو ﴿وَمَا تَاَخَّرَ﴾ کے بارے میں یہ کیا کہے گا؟ اور یہ کیسے درست ہوگا؟

ساتواں قول: امام عطا خراسانی علیہ الرحمہ کا ہے کہ ''جو گناہ آپ ﷺ کے ماں باپ آدم وحوا علیہما السلام سے پہلے ہوئے اور بعد میں آپ ﷺ کی اُمت سے ہوں گے''۔

یہ قول بھی ضعیف ہے۔

پہلی وجہ تو یہ ہے کہ آدم علیہ السلام بھی معصوم ہیں، ان کی طرف گناہ کی نسبت درست نہیں، یہ ایسی تاویل ہے جو خود تاویل کی محتاج ہے۔ دوسری وجہ یہ کہ ایک ایسے شخص کا ''ذنب'' جسے کاف خطاب سے مخاطب کیا گیا ہو، اسے دوسرے کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ ''اُمت کے سارے گناہ معاف نہیں ہوں گے بلکہ کچھ عاصیوں کے گناہوں کو بخشا جائے گا اور کچھ کے گناہ نہیں بخشے جائیں گے''۔

آٹھواں قول: ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ہے فرماتے ہیں: ''مما یکون''، یعنی جو بھی واقع ہوگا۔

امام سبکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں ''اس (قول) کی تاویل کی جائے گی کیونکہ یہ لائقِ تاویل ہے، یعنی (جو بھی واقع ہوتا اگر ہوتا) آپ ﷺ جس مقام رفیع پر فائز ہیں اگر اس میں گزشتہ یا آئندہ زمانہ میں گناہوں کا امکان ہوتا تو بھی ہم آپ کے فضل وشرافت کے مدنظر ان گناہوں کو بخش دیتے''۔

نواں قول: ''کتاب الشفاء'' میں ہے، کہا گیا ہے کہ ''آپ ﷺ سے کوئی گناہ ہوا ہے یا نہیں، آپ معلوم کرلیں کہ وہ آپ کی خاطر معاف شدہ ہے۔

دسواں قول: کہا گیا کہ ''وہ جو (اعلانِ نبوت سے) پہلے ہوئے اور وہ جن کے بعد آپ ﷺ کو عصمت عطاء کردی گئی۔ اسے احمد بن نصر نے حکایت کیا۔

گیارہواں قول: کہا گیا ہے ''اس سے مراد وہ امور ہیں جو سہو، غفلت یا تاویل سے واقع ہوئے''۔ اسے طبری نے حکایت کیا اور قشیری نے پسند کیا۔

بارہواں قول: مکی نے کہا ''(اس آیت میں) نبی کریم ﷺ سے خطاب دراصل امت سے خطاب ہے''۔

یہ بارہ اقوال غیر منقول ہیں، ان میں مردود، ضعیف اور مؤوّل اقوال سب شامل ہیں۔ (۲۹)

اقوال مقبولہ

''شفاء شریف'' میں نقل کیا گیا ہے ''جب نبی پاک ﷺ کو یہ کہنے کا حکم ہوا:

﴿وَ مَآ اَدۡرِیۡ مَا یُفۡعَلُ بِیۡ وَ لَا بِکُمۡ﴾ (۳۰)

ترجمہ: اور میں نہیں جانتا میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا۔ (کنز الایمان)

۲۹۔ ان بارہ اقوال میں سے سید المفسرین حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قول کے علاوہ تمام اقوال مردود اور ضعیف ہیں جب کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی وہ تأویل جو امام سبکی علیہ الرحمہ نے فرمائی ہے اس میں شان محبوبیت کا بیان ہے جو کہ قابل توجہ ہے اور ایسی تأویل ہی عصمتِ نبوت کے شایانِ شان ہے۔ اللہ اکبر! یاد رہے یہ وہ سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما ہیں جنہوں نے خود صاحبِ قرآن ﷺ سے قرآنی علوم سیکھے اور ان کے لئے مُعلّمِ کائنات ﷺ نے دعا فرمائی ''اللھم علمہ التأویل'' یعنی اے اللہ! ان کو تفسیر کا علم عطا فرما۔ اور ایک روایت کے مطابق ان کے لئے یوں دعا فرمائی ''اللھم فقھہ فی الدین'' یعنی اے اللہ! ان کو دین کی فقاہت عطا فرما۔ شعر

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا دلہن بن کے نکلی دعائے محمد ﷺ

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا بڑھی ناز سے جب دعائے محمد ﷺ

(حدائق بخشش)

۳۰۔ الاحقاف: ۴۶/۹

تو کافر بہت خوش ہوئے، (اس وقت) اللہ کریم جلّ مجدہٗ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی:

﴿لِیَغفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنۡبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ (۳۱)

ترجمہ: تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔ (کنز الایمان)

اور بعد میں دوسری آیت کے اندر ایمان والوں کی حالت بھی بتا دی۔

آیت کریمہ کا مطلب یہ ہو کہ اے محبوب ﷺ! اگر آپ سے کوئی ذنب صادر بھی ہوتا تو بلا پرسش اس کو بخش دیا جاتا۔

میں (سیوطی) کہتا ہوں اس اثر کو ابن المنذر نے اپنی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کے ارشاد ﴿وَمَآ اَدْرِیۡ مَا یُفۡعَلُ بِیۡ وَلَا بِکُمۡ﴾ الآیۃ (۳۲) کے بارے میں آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس کے بعد اللہ کریم نے یہ آیت نازل فرمائی ﴿لِیَغفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنۡبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ الآیۃ (۳۳)

امام احمد، امام ترمذی اور حاکم علیہم الرحمہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا ''نبی پاک ﷺ پر یہ آیت ﴿لِیَغفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنۡبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ مقام حدیبیہ سے واپس آتے ہوئے نازل ہوئی تو صحابہ کرام نے کہا سرکار ﷺ! مبارک ہو، بے شک اللہ کریم نے واضح فرما دیا ہے کہ وہ آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمائے گا اور ان کے ساتھ کیسے پیش آئے گا۔

اس کے بعد یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

﴿لِیُدۡخِلَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا

۳۱۔ الفتح: ۴۸/۲

۳۲۔ الاحقاف: ۴۶/۹

۳۳۔ الفتح: ۴۸/۲

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَ یُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِیْمًا﴾ (۳۴)

ترجمہ: تاکہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جائے جن کے نیچے نہریں رواں (جاری ہیں) ہمیشہ ان میں رہیں اور ان کی برائیاں ان سے اتار دے اور یہ اللہ کی ہاں بڑی کامیابی ہے۔ (کنزالایمان) (۳۵)

قاضی عیاض مالکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں، بعض علماء کا قول ہے کہ یہاں مغفرت

۳۴۔ الفتح: ۵/۴۸

۳۵۔ بحوالہ اسباب النزول للواحدی، ص ۳۱۵۔

تفسیر خزائن العرفان میں ہے کہ جب آیت کریمہ ﴿وَ مَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَ لَا بِكُمْ﴾ الآیۃ (الاحقاف: ۹/۴۶) نازل ہوئی تو کفار بڑے خوش ہوئے اور انہوں نے کہنا شروع کر دیا کہ ان کا اور ہمارا حال تو ایک جیسا ہے ان کو بھی ہماری طرح اپنے انجام کا حال معلوم نہیں اس وقت یہ آیت کریمہ ﴿لِیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ﴾ نازل ہوئی تو صحابہ کرام نے عرض کیا سرکار ﷺ! آپ کو مبارک ہو، اس آیت میں اللہ کریم نے آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے انجام کی خبر دی لیکن ہمارا کیا حال ہوگا اس کی ہمیں خبر نہیں تو اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ﴿لِیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَ یُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِیْمًا﴾ (الفتح: ۵/۴۸) تو یہ خوشخبری سن کر صحابہ کرام علیہم الرضوان خوش ہو گئے اور مطمئن ہو گئے۔ (ملخصاً از تفسیر خزائن العرفان)

برادران اسلام! غور فرمائیں یہی حال آج کل کے ان نام نہاد توحید کے ٹھیکیداروں کا ہے جو اپنے آپ کو نا صرف مسلمان کہتے بلکہ دین کے مبلغ اور مسلمانوں کے رہبر ہونے کا دعویٰ کرتے اور گلی گلی توحید کا ڈھنڈورا پیٹتے پھرتے ہیں لیکن ان کی رسول دشمنی کا یہ عالم ہے کہ قرآن کی آیات کے ذریعے حضور ﷺ کی عزت و عظمت پر حملہ کرتے اور آیات کا غلط مطلب لے کر عصمتِ نبوی ﷺ پر ڈاکہ ڈالتے ہیں اور اس پر کفار مکہ کی طرح خوش ہوتے ہیں، کہیں ان کا اور ان کا آپس میں دشمنیء رسول کا کوئی رشتہ تو نہیں؟ (نعوذ باللہ من ذالک) جب کہ اس کے برعکس مسلمانانِ اہلسنّت سید المعصومین ﷺ کی عزت و عظمت اور عصمت و رفعت کے ڈنکے بجاتے اور حضور ﷺ کی شانِ محبوبیت سن کر صحابہ کرام کی پیروی میں خوشیوں کا اظہار کرتے ہیں۔ قادری غفرلہ

سے مراد جملہ خامیوں سے بری ہونا ہے۔

حضرت شیخ عزالدین بن عبدالسلام علیہ الرحمہ اپنی کتاب ﴿نهاية الوسول فيما سنح من تفضيل الرسول﴾ میں رقمطراز ہیں کہ ''اللہ عزوجل نے کئی وجوہات کی بناء پر ہمارے مکرم ﷺ کو دیگر تمام انبیاء علیہم السلام پر فضیلت عطا فرمائی ہے''۔

ان خصوصیات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ربّ کریم نے آگاہ فرمادیا ہے کہ آپ ﷺ کے اگلے اور پچھلے ذنب (اگر ہوتے بھی تو) بخش دیئے گئے ہیں، اور کسی بھی روایت میں نہیں ملتا کہ اللہ کریم نے دیگر انبیاء کو یہ نہیں بتایا، اس لئے جب میدانِ قیامت میں ان حضرات سے شفاعت طلب کی جائے گی تو ان میں سے ہر ایک اپنی لغزش کا ذکر کرے گا جو ان کو پیش آئی اور کہیں گے ''نَفسِیُ نَفسِیُ''، اگر ان میں سے ہر ایک اپنی لغزش کی بخشش کو معلوم کر چکا ہوتا تو اس مقام (شفاعت) پر اضطراب کا اظہار نہ کرتا اور جب لوگ سید الانبیاء ﷺ سے شفاعت طلب کریں گے تو سرکار اس مقام پر یوں فرمائیں گے ''أَنَا لَهَا''۔(۳۶)

۳۶۔ اللہ اکبر! حضرت شیخ عزالدین بن عبدالسلام علیہ الرحمہ نے جو یہ کہا کہ اللہ کریم نے دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کو ان کی کیفیت سے آگاہ نہیں کیا، یہ بات ذوق لطیف پر گراں ہے جب کہ صحیح حدیث میں ہے کہ مسلمان ماں باپ کا کچا بچہ جو حمل سے گرجاتا ہے وہ بھی اپنے والدین کی شفاعت کے لئے اپنے ربّ سے یوں جھگڑے گا جس طرح قرض خواہ قرض دار سے جھگڑتا ہے اسے حکم ہوگا ایها السقط المراغم ربه ادخل ابويک الجنة ۔بقول برادرِ اعلیٰ حضرت

فقط اتنا سبب ہے انعقادِ بزم محشر کا
اُن کی شان محبوبی دکھائی جانیوالی ہے

تو وہ کچا بچہ اپنے والدین کو ناف سے کھینچ کر داخل جنت کر دے گا۔فقیر (راقم الحروف) کہتا ہے کہ بعطائے الٰہی تمام انبیاء کرام اپنی اپنی باری پر ضرور شفاعت فرمائیں گے، البتہ ابتداء میں باب شفاعت کوئی نہیں کھولے گا اور سب ''نَفسِیُ نَفسِیُ'' پکاریں گے اور لوگ طلب شفاعت کے لئے تمام انبیاء کرام کی بارگاہوں میں درجہ بدرجہ حاضری دیں گے، لیکن وہ حضرات اس لئے شفاعت نہیں کریں گے کہ بابِ شفاعت کھولنے کا اذن حضور ﷺ کو عطا کیا گیا ہے اور جب آپ ﷺ باذنِ الٰہی بابِ شفاعت کھول دیں گے تو آپ ﷺ کے بعد درجہ بدرجہ تمام انبیاء کرام، علماء حق، شُہداء، باعمل

امام سبکی علیہ الرحمہ اپنی تفسیر میں رقمطراز ہیں ''میں نے اپنی فہم کے مطابق اس ارشاد ﴿لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ الآیۃ (۳۷) پر اس کے پہلے الفاظ کو مدّ نظر رکھ کر بہت غور کیا تو میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس کو صرف ایک وجہ پر حمل کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ سید المعصومین ﷺ کی رفعت شان سے یہ بات دُور نہیں کہ یہاں اس سے مراد گناہ لیا جائے، البتہ اللہ کریم جلّ مجدہٗ نے اس آیت کریمہ میں اپنے بندوں کو اپنی طرف سے دی گئی تمام اخروی نعمتوں کا اکٹھا بیان فرمادیا ہے اور یہ نعمتیں دو قسموں کی ہیں:

(۱) سلبیہ اور وہ گناہوں کی بخشش (۲) ثبوتیہ اور وہ لامتناہی ہیں

اس کی طرف اس آیت میں ارشاد کیا ہے:

﴿وَ یُتِمَّ نِعْمَتَہٗ عَلَیْکَ﴾ (۳۸)

ترجمہ: اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے۔ (کنز الایمان)

اور تمام دنیوی نعمتیں بھی دو قسم کی ہیں۔

۱۔ دینی: ان کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے:

﴿وَ یَہْدِیَکَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا﴾ (۳۹)

حُفّاظ، مسلمان ماں باپ کے چھوٹے بچے بلکہ ہر ہر سنّی عالم اپنے شاگردوں کی شفاعت کریں گے۔

سوال: جب ہر نبی نے امتیوں کی شفاعت کرنی ہے تو پھر ابتداء میں ''نَفْسِیْ نَفْسِیْ'' کیوں پکاریں گے اور بابِ شفاعت کیوں نہیں کھولیں گے؟

جواب: ابتداء میں انبیاء کرام کے ''نَفْسِیْ نَفْسِیْ'' پکارنے کی وجہ یہ ہوگی کہ سب کو معلوم ہو جائے آج واقعی گھبراہٹ کا دن ہے اور بابِ شفاعت اس لئے نہیں کھولیں گے کہ یہ اِذن جس کو ملا ہے وہی اس کو کھولیں تاکہ ان کی شان سب پر ظاہر ہو جائے۔ بقول برادرِ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ۔

فقط اتنا سبب ہے انعقاد بزم محشر کا
ان کی شان محبوبی دکھائی جانے والی ہے

۳۷۔ الفتح: ۴۸/۲

۳۸۔ الفتح: ۴۸/۲

۳۹۔ الفتح: ۴۸/۲

ترجمہ: اور تمہیں سیدھی راہ دکھادے۔ (کنزالایمان)

۲۔ دینویہ: اگر یہاں اس سے مقصود دین ہوتو یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَ یَنۡصُرَکَ اللّٰہُ نَصۡرًا عَزِیۡزًا﴾ (۴۰)

ترجمہ: اور اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے۔ (کنزالایمان)

آخرت کی نعمتوں کو دنیا کی نعمتوں پر مقدم کیا گیا ہے اور دینی نعمتوں کو دنیاوی نعمتوں پر مقدم کیا گیا، ایک کے دوسرے پر اہم ہونے کی وجہ سے، یوں نبی پاک ﷺ کی عظمت کو اپنی تمام قسم کی نعمتوں کو ان پر تمام کر کے ظاہر کیا اور جو ان کے علاوہ کسی اور میں نہیں ہے۔ نیز اس لئے اس کو فتح مبین کی انتہاء پر رکھا جس کی عظمت اور شان والی نون کی نسبت مبارکہ آپ کی طرف کر کے آپ کی عظمت اور بلندی کا اظہار کیا اور لفظ ''لک'' کے ساتھ آپ کے لئے ان رفعتوں کو مخصوص فرمادیا، پھر امام سبکی فرماتے ہیں ''جب یہ مطلب مجھ پر واضح ہوا تو بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ ابن عطیہ پر بھی یہ واضح ہوا ہے۔

اگر چہ انہوں نے یہ کہا کہ اس حکم کے ساتھ اگر شرافت کا اظہار مقصود ہے تو کسی بھی صورت میں اس سے مراد گناہ نہیں ہے، یوں (ابن عطیہ) بھی اپنے قول سے ہمارے (نظریہ کے) موافق ہو گئے۔

بعض محققین نے کہا کہ اس آیت میں ''مغفرت'' اصل میں ''عصمت'' سے کنایہ ہے، تو ﴿لِیَغۡفِرَ لَکَ اللّٰہُ﴾ کا معنی ہوگا، اللہ تعالیٰ آپ کو عصمت عطاء کر دے گا، ''آپ کی عمر (مبارک) کے گزرے ہوئے دَور میں بھی اور باقی حصہ میں بھی اور یہ قول انتہائی بہتر ہے''۔ علماء بلاغت نے اس قول کو قرآنی بلاغت میں شمار کیا ہے کہ لفظ مغفرت، معافی اور توبہ کو ہلکے پن کے طور پر بطور اشارہ استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً قیام اللیل کو منسوخ کرنے کے لئے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿عَلِمَ اَنۡ لَّنۡ تُحۡصُوۡہُ فَتَابَ عَلَیۡکُمۡ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَیَسَّرَ﴾ (۴۱)

۴۰۔ الفتح: ۴۸/۲

۴۱۔ المزمل: ۷۳/۲۰

ترجمہ: اسے معلوم ہے کہ اے مسلمانو تم سے رات کا شمار نہ ہو سکے گا تو اس نے اپنے مہر سے تم پر رجوع فرمائی اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو۔ (کنزالایمان)

اور کچھ انفرادی کہنے سے پہلے صدقہ کا نسخ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا:

﴿فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْكُمْ﴾ (۴۲)

ترجمہ: پھر جب تم نے یہ نہ کیا اور اللہ نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمائی۔ (کنزالایمان)

رمضان المبارک کی راتوں میں جماع کی حرمت کو منسوخ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

﴿فَتَابَ عَلَیْكُمْ وَ عَفَا عَنْكُمْ فَالْـٰٔنَ بٰشِرُوْهُنَّ﴾ (۴۳)

تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں معاف فرمایا، تو اب ان سے صحبت کرو۔ (کنزالایمان)

و الحمد لله وحده و صلى الله علىٰ سيدنا محمد و آله و صحبه و سلم تسليماً كثيراً۔

الحمد للہ! رسالہ ہذا مصنفہ امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ (المتوفی ۹۱۱ھ) کا ترجمہ وتبصرہ بمع توضیح وتخریج آج ۲۰ صفر المظفر ۱۴۲۵ھ بمطابق ۱۱/اپریل بروز یک شنبہ کو ایک ہی نشست میں پایہ تکمیل کو پہنچا، سچ ہے اللہ کریم چاہے تو گناہوں کے سمندر میں ڈوبے ہوئے شخص سے بھی دین کا کام لے لیتا ہے۔ فالحمد للہ علی ذالک

ہذا آخر ما رقمہ قلم الفقیر القادری

محمد عارف عطاری غفرلہ الباری

۴۲۔ المجادلہ: ۱۳/۵۸

۴۳۔ البقرہ: ۱۸۷/۲

جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت کی سرگرمیاں

مدارس حفظ و ناظرہ

جمعیّت کے تحت رات کو حفظ و ناظرہ کے مختلف مدارس لگائے جاتے ہیں جہاں قرآن پاک حفظ و ناظرہ کی مفت تعلیم دی جاتی ہے۔

درس نظامی

جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت پاکستان کے تحت صبح اور رات کے اوقات میں ماہر اساتذہ کی زیرِ نگرانی درس نظامی کی کلاسیں لگائی جاتی ہیں۔

دارالافتاء

جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت پاکستان کے تحت مسلمانوں کے روزمرّہ کے مسائل میں دینی رہنمائی کے لئے عرصہ چھ سال سے دارالافتاء بھی قائم ہے۔

مفت سلسلہ اشاعت

جمعیّت کے تحت ایک مفت اشاعت کا سلسلہ بھی شروع ہے جس کے تحت ہر ماہ مقتدر علماء اہلسنّت کی کتابیں مفت شائع کر کے تقسیم کی جاتی ہے۔ خواہش مند حضرات نور مسجد سے رابطہ کریں۔

ہفتہ واری اجتماع

جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت کے زیرِ اہتمام نور مسجد کاغذی بازار میں ہر پیر کو 9:30 تا 10:30 ایک اجتماع منعقد ہوتا ہے جس میں ہر ماہ کی پہلی اور تیسری پیر کو درس قرآن ہوتا ہے جس میں حضرت علامہ مولانا عرفان ضیائی صاحب درس قرآن دیتے ہیں اور اس کے علاوہ باقی دو پیر مختلف علماء کرام مختلف موضوعات پر خطاب فرماتے ہیں۔

کتب و کیسٹ لائبریری

جمعیّت کے تحت ایک لائبریری بھی قائم ہے جس میں مختلف علماء اہلسنّت کی کتابیں مطالعہ کے لئے اور کیسٹیں سماعت کے لئے مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ خواہش مند حضرات رابطہ فرمائیں۔